**NTK/KW/15/5755/5949/5987**

**B.Sc./B.C.A./B.Sc. (I.T.) Part—I (Semester—I)**
**Examination**
**URDU**
**(Compulsory)**

Time—Three Hours] [Full Marks—60

سوال نمبر۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے۔ 12

۱۔ آبی آلودگی۔ ایک سنگین مسئلہ

۲۔ کتب بینی۔ شوق بھی ضرورت بھی

۳۔ انٹرنیٹ کے فائدے اور نقصانات

۴۔ نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے (طنز و مزاح)

سوال نمبر۲۔ (الف) درج ذیل سوال کا مفصل جواب تحریر کیجئے؟ 06

مرزا غالب کی خطوط نگاری کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

یا

بھوپال میں مصنف کس بات سے مایوس نظر آئے؟

(ب) درج ذیل سوال کا مفصل جواب لکھئے؟ 06

میر کی شاعری پران کے حالات کے کیا اثرات مرتب ہوئے۔ تحریر کیجئے۔

یا

مومن خاں مومن کے کلام کی نمایاں خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۳۔ (الف) درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 06

۱۔ اردو شاعری پر سائنس کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

۲۔ اچھا مضمون نگار بننے کے لئے کون سی باتوں کا خیال رکھنا چاہئے؟

یا

۳۔ مضمون کے تین ضروری حصے کون سے ہوتے ہیں؟ تفصیل سے لکھئے۔



۴۔ ماہر فلکیات نے زندگی کے تعلق سے کونسا نظریہ پیش کیا ہے بطور مثال شعر لکھئے؟

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے۔ 06

۱۔ دونوں جہاں تیری محبت میں ہار کے
وہ جارہا ہے کوئی شبِ غم گذار کے
ویراں ہے میکدہ، خم وساغر اداس ہیں
تم کیا گئے کہ روٹھ گئے دن بہار کے

۲۔ مدتیں ہوگئیں ہوتا نہیں پھیرا تیرا
طائر ہوش کہاں اب ہے بسیرا تیرا
چھاؤنی ڈال کے دنیا میں رہے گا کب تک
خیمے رہ جائیں گے اٹھ جائے گا ڈیرا تیرا

یا

۳۔ یہ ہمیں تھے جن کے لباس پر سرِ رہ سیاہی لکھی گئی
یہی داغ تھے جو سجا کے ہم سرِ بزمِ یار چلے گئے
نہ رہا جنونِ رخِ وفا، یہ رسن یہ دار کروگے کیا
جنہیں جرمِ عشق پہ ناز تھا وہ گناہ گار چلے گئے

۴۔ میں اپنی بے زری کی ندامت کو کیا کہوں
تو اور شرمسار نہ کر اے گدا نہ مانگ
رکھی ہوئی ہے ساری خدائی، ترے لئے
حقدار بن کے سامنے آ، مانگ یا نہ مانگ

سوال نمبر۴۔ (الف) آپ اشیائے خورد و نوش کے تاجر ہیں، اپنے کاروبار کو فروغ دینے کے لئے اخبار میں مناسب اشتہار دیجئے۔ 05

یا

آپ کامرس گریجویٹ ہیں، ملازمت کے لئے اخبار میں مناسب اشتہار دیجئے۔

(ب) دیئے گئے انگریزی اقتباس کا سلیس اور بامحاورہ اردو میں ترجمہ کیجئے۔ 04



Failure is the highway to success. Tom Watson Sr. said, "If you want to succeed, double your failure rate . " If you study history , you will find that all stories of success are also stories of great failures. But people don't see the failures. They only see one side of the picture and they say that person got lucky: ' He must have been at the right place at the right time.'

(ج) درج ذیل محاوروں کے معنی لکھئے اور جملوں میں استعمال کیجئے۔ (کوئی تین) 03

۱۔ انگاروں پر لوٹنا
۲۔ بیماری سے اٹھنا
۳۔ پیٹ میں بات نہ سمانا
۴۔ چھاتی چھلنی ہونا
۵۔ زبان کو بس میں رکھنا

سوال نمبر۵۔ (الف) ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔ 06

۱۔ موت کے وقت کی کٹھن گھڑی امید کے سہارے کس

طرح آسان ہوتی ہے؟

۲۔ غالبؔ نے اپنے خط میں میر مہدی کو رام پور کے بارے میں کیا بتایا؟

۳۔ بھوپال میں اردو کی تعلیم کا کیا حال ہے؟

۴۔ میر تقی میرؔ کی شاعری کی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔

۵۔ مولانا ناطق کی پیدائش کہاں ہوئی نیز ان کے دیوان کا نام لکھئے؟

۶۔ فیضؔ کا ایک شعر تحریر کرتے ہوئے ان کے کسی ایک مجموعۂ کلام کا نام لکھئے؟

(ب) اخبار کے لئے رپورٹ لکھئے۔ 06

آپ نے کسی شاعر کی تعزیتی نشست میں شرکت کی ہے۔ اس کی روداد کسی اخبار کے لئے تحریر کیجئے۔

یا

آپ کے کالج میں یومِ اطفال کا انعقاد کیا گیا تھا۔ اُس کی رپورٹ بغرض اشاعت روزنامہ ”انقلاب“ کے لئے تحریر کیجئے۔